# تبصرۂ کتب

## حجابِ نسواں — از الاستاذ مظہر علی ادیب

ملنے کا پتہ: مکتبہ السفیر۔ قذافی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور قیمت: ۸ روپے

آج کل ہمارے یہاں بعض خواتین نے بعض شرعی حدود، اسلامی اقدار اور اسی قسم کے مسائل پر ایک افسوسناک روش اختیار کر رکھی ہے۔ اس میں موجودہ حکومت کی غلط روی کو جہاں بہت دخل ہے وہاں نظامِ تعلیم و تربیت کے فقدان کا بڑا حصّہ بھی اس کا سبب ہے۔

حکومت کی اہم رکن مسز سلیمہ احمد اس سلسلہ میں سب سے پیش پیش ہیں اور حکومت نے اپنی ہی نظریاتی کونسل کی سفارش کو پس پشت ڈال رکھا ہے۔ معاشرتی مسائل پر بہت ہی خوبصورت انداز میں لکھنے والے الاستاذ مظہر علی ادیب نے بڑی محبت و خلوص سے یہ کتابچہ لکھا ہے جس میں جہاں پردہ و حجاب پر مختلف حوالوں سے گفتگو کی گئی ہے۔ وہاں ٹھوس اور سنجیدہ تنقید کے ذریعے ان اعتراضات کا بھی نوٹس لیا ہے جو اس سلسلہ میں وارد کئے جاتے ہیں:

حلقہ نسواں میں اس رسالہ کی اشاعت بالخصوص بہت ضروری ہے۔ امید ہے کہ اس طرف توجہ ہوگی۔

---

## انبیاءِ قرآن — مرتّب حافظ نذر احمد

ملنے کا پتہ: تعلیم القرآن خط و کتابت سکول پوسٹ بکس ۱۲۷، لاہور ۵

حضور اقدس محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل لاتعداد انبیاء و رسل علیہم السلام دنیا میں تشریف لائے۔ جن میں سے ہر ایک پر ایمان لانا ایمان و اسلام کے لئے ضروری ہے۔ اور کسی ایک نبی و رسول کا انکار بھی کفر ہے۔ پر ایمان اجمالی ہوگا یعنی یہ کہ "ہم سب پر ایمان لاتے ہیں"۔ تاہم قرآن عزیز نے کچھ حضرات کا ذکر کیا اور ان کے حالات سے بھی آگاہی بخشی۔ ان میں سے بعض کے حالات تفصیل سے ذکر ہوئے تو بعض کے مختصراً۔ ایسے حضرات جن کے حالات کا قرآن میں ذکر ہوا ہے وہ حضور اقدس سمیت ۲۶ ہیں۔ ان کے حالات پر اردو لٹریچر میں سب سے مفصل اور نہایت ہی محققانہ کتاب مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی فاضل

.com